ResultsPlus

edexcel

# Examiners' Report
# June 2012

# GCE Urdu 6UR04 01

## Edexcel and BTEC Qualifications

Edexcel and BTEC qualifications come from Pearson, the world's leading learning company. We provide a wide range of qualifications including academic, vocational, occupational and specific programmes for employers. For further information visit our qualifications websites at www.edexcel.com or www.btec.co.uk for our BTEC qualifications.
Alternatively, you can get in touch with us using the details on our contact us page at www.edexcel.com/contactus.

If you have any subject specific questions about this specification that require the help of a subject specialist, you can speak directly to the subject team at Pearson.
Their contact details can be found on this link: www.edexcel.com/teachingservices.

You can also use our online Ask the Expert service at www.edexcel.com/ask. You will need an Edexcel username and password to access this service. See the ResultsPlus section below on how to get these details if you don't have them already.

ResultsPlus

### Get more from your exam results

### …and now your mock results too!

ResultsPlus is Edexcel's free online service giving instant and detailed analysis of your students' exam and mock performance, helping you to help them more effectively.

- See your students' scores for every exam question
- Spot topics, skills and types of question where they need to improve their learning
- Understand how your students' performance compares with Edexcel national averages
- Track progress against target grades and focus revision more effectively with NEW Mock Analysis

For more information on ResultsPlus, or to log in, visit www.edexcel.com/resultsplus.
To set up your ResultsPlus account, call us using the details on our contact us page at www.edexcel.com/contactus.

## Pearson: helping people progress, everywhere

Our aim is to help everyone progress in their lives through education. We believe in every kind of learning, for all kinds of people, wherever they are in the world. We've been involved in education for over 150 years, and by working across 70 countries, in 100 languages, we have built an international reputation for raising achievement through innovation in education. Find out more about how we can help you and your students at: www.pearson.com/uk .

June 2012

Publications Code UA033198

All the material in this publication is copyright
© Pearson Education Ltd 2012

# Introduction

This is the third year in which candidates have been examined for this A2 unit based upon the current GCE syllabus. This unit requires candidates to answer questions in three different sections:

Section A) Translation of a short passage of English into Urdu worth 10 marks. The passage is rooted in one of the seven General Topic Areas as described in the specification.

Section B) A creative or discursive essay in Urdu worth 45 marks. Candidates have a choice of seven questions. The topics of all the essays are rooted in one of the seven General Topic Areas.

Section C) A research-based essay in Urdu worth 45 marks. Candidates can choose from one of the following areas of research:

- (I). Geographical area
- (II). Historical study
- (III). Aspects of modern society
- (IV). Literature and the arts ( e.g. text, play or film)

**In section C, candidates are rewarded for their Urdu-language research skills linked to their chosen areas. This must relate to the culture or society of an Urdu-language country, countries or community.**

Once again, the overall standard of responses on this paper was diverse. There were several differences in the level of preparation by various candidates. Although many candidates did manage to produce highly relevant, knowledgeable and stimulating answers in appropriate language, quite a few had a very sketchy idea of the topics they were writing about. Some responses were very vague and failed to score many marks, and in other cases, the question was simply not understood and answered. There was also continued evidence of candidates providing rote learned answers to research-based questions. These were not completed as successfully as the creative or discursive essays, although there were a few exceptions.

## *Question 1*

Section A of this paper requires candidates to translate a short passage of English into Urdu. The passage needs to be rooted in one of the seven General Topic Areas as described in the specification. This year the passage was about 'Obesity in People' and involved words like: 'body fat, adverse effects, obesity rates, medical experts, more than 60% and nearly half.' Overall, the vast majority of candidates performed well on this task, with many responses gaining 7 or more marks. However, quite a few candidates were unable to differentiate between the words, body fat and fat, adverse effects and dangerous effects, obesity rates and being fat in Urdu and thus lost marks. Although all English numbers and signs like ' %' are acceptable in written Urdu, a few candidates lost marks in trying to write '60' and ' Percent ' in Urdu. Less able candidates had a common tendency to paraphrase when they did not know the exact translation of a word/phrase or even the whole sentence. As in previous years, every effort was made to cover as many acceptable alternatives as possible but when candidates paraphrased, they had to be penalised. This report, once again, is to remind centres that teachers must give regular practice and provide proper guidance to their candidates to tackle such transfer of meaning tasks.

(چربی)
موٹاپا ایک طبی حالت ہے جس میں جسم کی چکنائی اس حد تک
بڑھ جاتی ہے کہ اسکا صحت پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔ موٹاپے کی
شرح دنیا بھر میں بڑھ رہی ہے اور یہ دنیا کے غریب اور امیر، دونوں
قسم کے ممالک پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق یورپ
میں برطانیہ سب سے زیادہ موٹاپے کا شکار ہے۔ 60
فیصد سے زیادہ برطانوی لوگوں کا وزن اس سے زیادہ ہے جتنا
ہونا چاہیے۔ ان میں سے تقریباً آدھے لوگوں کا وزن اتنا زیادہ
ہے کہ ان کی زندگیاں خطرے میں ہیں۔ حل بہت ہی سادہ ہے
کم کھائیں اور زیادہ ورزش کریں۔

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

This is a perfect translation. It shows an excellent knowledge of grammar and a wide vocabulary. This candidate scored full marks.

**ResultsPlus**
**Examiner Tip**

Translate directly, do not paraphrase and make sure you have covered all key words and phrases. Revise vocabulary from GCSE and AS level regularly.

## *Question 2 (a)*

In Section B, candidates had the option to select a creative or discursive essay. This question was the first of the three creative options open to candidates. The stimulus was a picture of the flood disaster in Pakistan. In 2(a), the key questions were ' what happened to the family involved in the disaster and how did they cope with the situation?' Quite a large number of candidates wrote lengthy details about the flood disasters and did not tackle the above 2 key questions thus losing the valuable marks for  Understanding and Response.

In this essay, the candidate has produced a good imaginative and logical response to the stimulus with very good descriptive vocabulary.

دو سال پہلے پاکستان کے کچھ شہروں میں آنے والے سیلاب کی تباہ کاریوں سے
کون واقف نہیں ہے؟ بے شمار لوگ اس سے متاثر ہوئے اور لاکھوں بے گھر ہو گئے۔
اس گاڑی میں ایک باپ اپنی شریک حیات، بیوی، اور دل کے دو ٹکڑوں، بچوں،
کے ساتھ سوار تھا۔ کیونکہ ان کے پاس پانی کے بڑھتے ہوئے زور سے
تنگ آ کر اپنی گاڑی میں پناہ لینے کے علاوہ کوئی اور چارہ نہیں تھا۔ ان کا گھر اور
سارا سازو سامان بہہ چکا تھا۔
یہ تو خدا کا شکر ہے کہ ان بچوں کا باپ، جو کہ ایک ٹیکسی چلاتا تھا، کسی ضروری کام
سے کام سے واپس آیا ہوا تھا۔ گھر پہ گاڑی ہونے کی وجہ سے ان لوگوں نے سیلاب
سے جان بچائی اور بچ بچا کر شہر کے باہر ایک خیمے میں دوسرے متاثرہ لوگوں کے ساتھ
رہنے لگ گئے۔ باپ کا کام تو جاتا ہی رہا مگر افسوس کہ دونوں بچے موسم
کی شدت کی تاب نہ لاتے ہوئے آئندہ دنوں میں کافی بیمار رہنے لگے۔ یہ تو
قدرت کا کارنامہ تھا کہ برطانیہ سے جانے والی ڈاکٹروں کی ایک ٹیم نے ان کی
طبی مدد کی اور مفت دوائیاں مہیا کیں اور انکی دیکھ بھال کرتے رہے۔ ملک بھر سے

آنے والے رضاکاروں کی ٹیموں نے کھانے پینے کا بندوبست بھی کر دیا۔
ان کی ماں نے بھی اپنے بچوں کی رات دن دیکھ بھال کی اور ان کو موسم
کے اثرات سے بچانے کی کوشش میں لگی رہی۔ وہاں خیمے میں افراتفری کچھ
کم ہوئی تو اس نے بھی اپنے خاوند کی طرح آس پاس کام تلاش کرنا شروع
کر دیا۔ قسمت اچھی تھی کہ اس کے خاوند کو ایک ماہ بعد وہاں پہ آئے ہوئے
نادرہ کے ملازمین کے لیے باورچی کی نوکری مل گئی۔ اس نے خوب محنت کی
اور وہ اسے بعد میں اپنے ساتھ شہر لے جانے پہ بھی آمادہ ہو گئے۔
اس دوران بچوں کی صحت کچھ بہتر ہوئی اور وہاں پھر خیمے میں بنائے گئے ایک
عارضی سکول میں ہی جانے لگے۔ جہاں بیوی کی اس ان تھک محنت کا نتیجہ ہے
کہ وہ لوگ اب پاس میں واقع ایک شہر میں ایک چھوٹے سے مگر خوبصورت
گھر میں مقیم ہیں، اور ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

This is a very good response which gets into the 13-15 band for Understanding and Response. The candidate deserves full marks for Range of Language and Accuracy. It is also within the word limit and is logical and clear.

**ResultsPlus**
**Examiner Tip**

A good response would be to build up the story about what happened next and describe the feelings and emotions of the people involved.

## *Question 2 (b)*

This was the most popular of the creative essay questions. The stimulus for this question was the beginning lines of a story about a proposed arranged marriage of a British Pakistani girl with her cousin in Pakistan whom she has never seen or met. Candidates were required to continue and complete the story. In this question, the key word was "what happened next?" From this they had to write an imaginative but realistic response.

In the past much has been discussed with teachers at their training sessions and also written about in the examiner's reports, regarding the suitability of a creative task for students with very little imaginative and vocabulary skills. Many of the candidates had not been prepared to tackle such tasks and when they have an option to select a discursive essay instead, they are in a better position to score more marks. However, there were some very good imaginative and creative responses for this question.

This candidate offers a neat and logical story based on the stimulus.

یہ خبر سن کر میرے ہوش اڑ گئے کہ امی ابو نے پاکستان میں میرے
ماموں کے بیٹے عمران سے میری شادی کا فیصلہ کیا ہے. میں
نے عمران کو تصویروں میں دیکھا تھا. میں نہ کبھی اس سے ملی تھی
اور نہ ہی فون پر بات کی تھی. آخر میں ایک اجنبی سے
کیسے شادی کروں یہ میری زندگی کا سوال ہے میں اُس
انسان کے ساتھ کیسے زندگی بسر کر سکتی ہوں جسے میں جانتی
تک نہیں بس اِتنا جانتی ہوں کہ وہ میرا کزن ہے۔
[illegible] میں اُس ملک میں پلی بڑھی ہوں جہاں ہر ایک کو
اپنی زندگی جینے کا حق ہے اور اپنی ہر بات کہنے کی پوری
آزادی ہے لیکن میرے گھر کا ماحول ایسا نہیں ہے. میرے
والدین مجھے ہرگز اجازت نہیں دیں گے کہ میں اپنی
مرضی سے شادی کروں یا اپنے والدین کے خلاف ہو جاؤں.

مجھے ایسا کرنا چاہیئے کہ اپنی امی سے بات کروں. ما ئیں
اپنے بچوں کی ہر بات سمجھتی ہیں میری بات بھی سُنیں گی.
لیکن پھر ذہن میں آتا ہے کہ عمران اِن کے بھائی کا بیٹا
ہے اور کہیں نہ کہیں امی بھی یہی چاہتی ہونگی کہ میری
شادی عمران سے ہو. یہ خیال بھی ذہن میں آتا ہے کہ
عمران کو جاننے کی کوشش کروں لیکن اس خیال سے دل ڈر
جاتا ہے کہ پاکستان کے لڑکے اور یہاں کی لڑکیاں
بالکل الگ خیالات رکھتے ہیں. اس بات سے بھی
دل ڈر جاتا ہے کہ اگر میری اور عمران کی نہ بنی تو
اس سے میرے والدین کو زیادہ دُکھ ہوگا. آج
تک میری فیملی میں سب کی شادی اُن کے والدین
کی مرضی سے ہوئی ہے اور کسی نے انکار نہیں کیا شادی
سے تو میں کیسے انکار کر سکتی ہوں. آخر کار میں نے فیصلہ
کر لیا کہ میں عمران سے ہی شادی کروں گی. لیکن
اُسے پوری طرح سے جان لینے کے بعد. پہلے یہ جائزہ
لگاؤں گی کہ وہ میرے قابل ہے میں اُس کے قابل ہوں
یا نہیں اور مجھے یقین ہے کہ میرے والدین میری بات

سمجھیں گے اور وہ مجھے خالی ہاتھ نہیں رکھیں گے اور میرے
فیصلے کا مان رکھیں گے اور پھر میں نے اپنے والدین سے
کہہ کر پاکستان جانے کا فیصلہ کیا تا کہ میں عمران اور
اس کی فیملی کو ~~بھی~~ اچھے سے جان سکوں اور وہ لوگ
مجھے جان سکے. جب میں نے عمران کو دیکھا تو مجھے
وہ بُرا نہیں لگا اور طے کر لیا کہ اسی سے شادی
کروں گی. عمران کو مِل کر میرے سارے ڈر دور
ہو گئے اور وہ بالکل ہی الگ مزاج اور طبیعت
کا لڑکا تھا اور میں اُس کے قابل تھی اور وہ میرے
قابل تھا. بس پھر میں نے اپنے والدین کو اپنی

مرضی بتادی یہ سب سُن کر میرے والدین بہت
خوش ہو رہے تھے اور انہیں دیکھ کر مجھے خوشی مِل رہی
تھی. پھر میرے والدین پاکستان چلے آئے اور میری
اور عمران کی شادی کی تاریخ طے ہوئی ہم سب بہت
خوش تھے. پھر ہم سب واپس انگلینڈ آگئے اور عمران
بھی ہمارے ساتھ آ گیا. عمران بہت اچھا تھا میرا
خیال رکھتا اور پیار بھی کرتا مجھ سے اور میری فیملی

سے مجھے اپنے ماں باپ پر فخر محسوس ہوتا تھا جو انہوں
نے عمران کو میرے لئے پسند کیا اور اپنے آپ کو خوش قسمت
سمجھتی ہوں کہ میرے ماں باپ میرے سر پر قائم ہیں.
والدین اپنے بچوں کا کبھی بُرا نہیں سوچتے.

ختم شد!

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

This is a very good but overlong response which gets into the 13-15 band for Understanding and Response and also for Organisation and Development as it is an imaginative piece which shows some insight into emotion. There is a good range of language and the candidate succeeds in structuring the story well.

## Question 2 (c)

This was the least popular of the creative options open to candidates and very few candidates attempted this question. Candidates were required to write an article in response to a newspaper headline about the age of retirement to be increased. The requirement to write an article was often not fully realised and some answers read more like discursive essays.

## Question 2 (d)

This question required candidates to consider whether TV is the most powerful source of information and entertainment or not. Although it was the second least popular of the discursive options, it did lead to a number of interesting answers. The majority of the candidates offered a balanced essay and came up with a reasonable conclusion at the end.

This candidate offers a well-structured essay which has a proper introduction and conclusion with a balanced and logical approach.

"ٹیلی وژن معلومات اور تفریح کا ذریعہ"

جدید دور میں جہاں انسان نے بہت ترقی کی ہے اور حیرت انگیز
ایجادات کی ہیں، ان میں سے ایک اہم ایجاد ٹیلی وژن ہے۔ اس جدید
دور میں ٹیلی وژن ایک ضرورت بن چکا ہے۔ یہ نہ صرف تفریح کا اہم
ذریعہ ہے بلکہ معلومات بھی فراہم کرتا ہے۔ طرح طرح کے پروگرام پیش
کیے جاتے ہیں۔ بچے، بڑے سب ہی اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

ٹیلی وژن پر خواتین کیلئے مختلف طرح کے پروگرام بھی پیش کیے
جاتے ہیں۔ عورتیں سارا دن گھر میں کام کرنے کے دوران ان پروگراموں
سے تفریح حاصل کرسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ کھانا پکانے کے پروگرام دیکھ
کر انواع و اقسام کے کھانے پکانا سیکھ سکتی ہیں۔ گھر کی دیکھ بھال اور
بچوں کی نگہداشت کے بارے میں معلوماتی پروگراموں سے استفادہ حاصل کر

سکتی ہیں۔ اس سے وہ سارا دن گھر پر رہ کر بور بھی نہیں ہوتیں۔

ٹیلی وژن تفریح کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ آج کل ٹیلی وژن پر سینکڑوں چینل آتے ہیں جن پر مختلف اقسام کے پروگرام نشر ہوتے ہیں۔ موسیقی کے پروگرام، گانے اور ڈرامے، فلمیں وغیرہ تفریح فراہم کرتے ہیں جس سے بچے، بڑے، نوجوان اور بوڑھے سب ہی لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اسکے علاوہ دنیا بھر کے حالات و واقعات کے بارے میں پتا چلتا ہے۔ کسی بھی کونے میں رونما ہونے والے واقعے کی خبر منٹوں میں ٹیلی وژن پر نشر ہو جاتی ہے۔ خبروں، اور سیاسی پروگراموں سے نہ صرف ایک ملک بلکہ پوری دنیا کے سیاسی، معاشی اور معاشرتی حالات کا پتا چلتا ہے۔ حالاتِ حاضرہ کے بارے میں معلومات ملتی ہے۔ بحث و مباحثے کے پروگراموں سے لوگوں کو سوچنے کا موقع ملتا ہے اور ان میں صحیح غلط کو پرکھنے کا شعور پیدا ہوتا ہے۔

بچوں کیلئے بھی آج کل کئی چینل کھل گئے ہیں۔ جن پر کارٹون اور بچوں کیلئے فلمیں چلتی ہیں جن سے بچے کافی لطف اندوز ہوتے ہیں۔

ان پروگراموں کے توسط سے بچوں کو تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ ان کو پڑھنا اور لکھنا سکھایا جاتا ہے جس سے بچے لطف اندوز بھی ہوتے ہیں اور سیکھتے بھی ہیں۔ آج کل زیادہ تر بچے گھر پر رہ کر ٹیلی وژن دیکھتے

ہیں اور باہر جا کر کھیلنے کا رجحان کم ہو گیا ہے۔

اگر نوجوانوں کی بات کی جائے تو وہ ٹیلی وژن سے سب سے زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مختلف طرح کے معلوماتی پروگرام دیکھ کر معلومات میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ آج کل کچھ یونیورسٹیاں بھی ٹی وی ٹیلی وژن پر پروگرام چلاتی ہیں جن کو دیکھ کر نوجوان گھر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اسکے علاوہ بہت سے پروگرام ایسے ہوتے ہیں جن میں مختلف زبانیں سکھائی جاتی ہیں جن میں انگریزی سرِ فہرست ہے۔ اب گھر بیٹھ کر لوگ انگریزی سیکھتے ہیں۔ دستاویزی فلمیں مختلف موضوعات پر معلومات فراہم کرتی ہیں۔ سائنس و ٹیکنالوجی، عمرانیات، ریاضی، معاشیات اور ہر طرح کے موضوعات پر بننے والی یہ دستاویزی فلمیں گھر بیٹھے معلومات حاصل کرنے کا اہم ذریعہ ہیں اور تعلیم میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

اسکے علاوہ تفریح کیلئے کھیلوں کے چینل، موسیقی، فلموں اور ڈراموں کے چینل موجود ہیں جن سے لوگ لطف اندوز ہوتے ہیں۔ کرکٹ، فٹبال، ٹینس سے لیکر فلموں، ڈراموں اور گانوں تک ہر طرح کی تفریح ٹیلی وژن فراہم کرتا ہے۔ اسکے علاوہ دنیا بھر کے مسائل، غربت، بے روزگاری، دہشتگردی اور دیگر مسائل کے بارے میں آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ حکومتوں کو پتا چلتا ہے کہ ملک میں کہاں مسائل ہیں اور کیسے حل کیئے جا سکتے ہیں

ٹیلی وژن پر کاروباری لوگ اشتہارات دے کر اپنا کاروبار بھی بڑھاتے
ہیں اور دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرتے ہیں

غرضیکہ ٹیلی وژن زندگی کے تمام پہلوؤں پر اثرانداز ہوا
ہے اور یہ معلومات اور تفریح دونوں کا طاقتور ذریعہ ہے۔
جدید دور میں یہ ایک اہم ضرورت بن چکا ہے۔ اس کے فوائد
لاتعداد ہیں اور ہر چیز کی طرح اس کے بھی کچھ مسائل ہیں لیکن وہ
فوائد کے مقابلے میں بہت کم ہیں۔

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

Although quite long, this is an excellent response to the question which includes a proper introduction and conclusion as well as excellent vocabulary, a wide range of language and a very balanced opinion. This candidate scored full marks.

**ResultsPlus**
**Examiner Tip**

Organise your material into paragraphs. You should begin with an appropriate introduction and conclude with your final opinion.

## *Question 2 (e)*

This was the least popular of the discursive essay options and was answered by a tiny proportion of candidates who opted for a discursive essay. The question required candidates to consider the effects of western culture on the society of Pakistan or India and whether these effects are good or bad. There were many convincing arguments in favour or against these effects. However, a considerable number of candidates had good ideas but did not have the range of language to express them appropriately.

This candidate offers a reasonably good consideration of the question.

پاکستانی معاشرے پر مغربی تہذیب کے اثرات:

ہر ملک، قوم اور خطّہ اپنی خاص ثقافت، معاشرت اور تہذیب
رکھتی ہے۔ ~~مخلف~~ مختلف حالات میں ممالک ایک دوسرے سے متاثر
ہو کر ایک دوسرے کی تہذیب اپنا لیتے ہیں۔ اس جدید دور میں
دنیا کو ایک عالمی گاؤں کہا جاتا ہے۔ تمام ممالک جدید ذرائع ابلاغ
کے ذریعے دوسری جگہ پیش آنے والے واقعات اور حالات کے متعلق
فوراً معلومات حاصل کر لیتے ہیں۔ اور ان سے اثر انداز بھی ہوتے ہیں۔
یہی عمل پاکستان کے ساتھ بھی پیش آیا ہے۔ آزادیٔ پاکستان سے قبل
متحدہ ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت تقریباً ۲۰۰ سال تک رہی ہے۔
اس وجہ سے مغربی تہذیب نے مشرقی تہذیب کو خاص طور پر معاشی
وجوہات کی بناء پر بہت متاثر کیا ہے۔ مغربی تہذیب کے پاکستانی
معاشرے پر منفی اثرات زیادہ اور مثبت کم دکھائی دیتے ہیں۔ مثبت
اثرات میں وقت کی پابندی، جدید تکنیکی اور سائنسی علم اور
وسیع النظری سے کام لینا شامل ہیں۔ جبکہ اس کے منفی اثرات
میں جو باتیں شامل ہیں۔ وہ ہیں بے ہنگم موسیقی، بےہودہ لباس، بڑوں کا

احترام نہ کرنا اور مذہب سے دوری۔ جو ان باتوں سے زیادہ متاثر ہیں وہ مشرقی تہذیب کے علمبرداروں کو مذاق کا نشانہ بناتے ہیں اور اپنی زبان اور مذہب کو کم تر سمجھتے ہیں۔ مغربی تہذیب کی اندھی تقلید نے پاکستان کی اپنی معاشرت، اقدار ثقافت اور تہذیب کو پسِ پشت ڈال دیا ہے۔ اب ضرورت ہے لوگوں کو اور خاص طور پر نوجوان نسل کو پاکستانی تہذیب اور ثقافت کی اہمیت سکھانے کی جو معاشرے کی اصلاح کرنے میں ایک اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

---

کام لینا سے ~~بچنے~~ شامل ہیں۔ جبکہ مغربی تہذیب کے منفی اثرات میں جو باتیں شامل ہیں وہ ہیں بے ہنگم موسیقی، بے ہودہ لباس، بڑوں کا احترام نہ کرنا اور مذہب سے دوری ~~شامل ہیں~~۔ جو لوگ مغربی تہذیب سے زیادہ متاثر ہیں وہ مشرقی تہذیب کے کاربندوں کو مذاق کا نشانہ بناتے ہیں۔ اپنی زبان اور مذہب کو کم تر سمجھتے ہیں۔
مغربی تہذیب کی اندھی تقلید نے پاکستان کی اپنی معاشرت، اقدار، ثقافت اور تہذیب کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ اب ضرورت ہے لوگوں کو اور خاص طور پر نوجوان نسل کو پاکستانی تہذیب اور ثقافت کی اہمیت ~~اور تعلیم~~ سکھانے کی ~~تاکہ اس معاشرے کی اصلاح کی جا سکے~~ جو معاشرے کی اصلاح کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

---

پاکستانی معاشرے پر مغربی تہذیب کے اثرات:-

ہر ملک، قوم اور قبیلہ اپنی خاص ثقافت، معاشرت اور تہذیب رکھتا ہے۔ آج

کے زمانے میں دنیا ایک عالمی گاؤں (GLOBAL VILLAGE) بن گیا ہے۔ مختلف حالات میں ممالک ایک دوسرے سے متاثر ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کی تہذیب اپنا لیتے ہیں۔ تمام ممالک جدید ذرائع ابلاغ کے ذریعے دوسرے ملک میں پیش آنے والے واقعات اور حالات کے متعلق فوراً معلومات حاصل کر لیتے ہیں۔ اور ان سے اثرانداز بھی ہوتے ہیں۔ یہی عمل پاکستان کے ساتھ بھی پیش آیا ہے۔ آزادیٔ پاکستان سے قبل متحدہ ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت تقریباً ۲۰۰ سال تک رہی ہے۔ اس وجہ سے مغربی تہذیب نے مشرقی تہذیب کو خاص طور پر معاشی وجوہات کی بنا پر بہت متاثر کیا ہے۔ مغربی تہذیب کے پاکستانی معاشرے پر منفی اثرات زیادہ اور مثبت کم دکھائی دیتے ہیں۔ مثبت اثرات میں وقت کی پابندی، جدید تکنیکی اور سائنسی علم اور مختلف حالات میں وسیع النظری

**(Total for Question 2 = 45 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 45 MARKS**

**ResultsPlus**
**Examiner Comments**

This is a good example of a response to the question, although a bit short as the candidate has remained under the minimum prescribed word limit. However, the candidate remains firmly focused on the question.

**ResultsPlus**
**Examiner Tip**

Show in your introduction what the main themes of your essay are going to be. Discuss each appropriate argument in turn.

## *Question 2 (f)*

This question required candidates to consider whether university education should be free or not. It was, not surprisingly, the second most popular of the discursive options because the topic directly related to many candidates. A considerable number of candidates presented very convincing and balanced arguments in favour or against free university education. Some impressive language performance was also found in these essays, however many candidates had good ideas but did not have the range of language to express them appropriately.

The introduction to this essay is rather long but appropriate. It does suggest what the candidate is going to write about and this does indeed follow on as expected in the next paragraph.

تعلیم ایک ایسی چیز ہے جو نہ تو کوئی انسان دوسرے انسان
سے چھین سکتا ہے اور نہ ہی وہ اسے کوئی نقصان
پہنچا سکتی ہے۔ ہمارے پیارے نبی محمدؐ نے فرمایا کہ
"تعلیم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے"
ایک اور جگہ فرمایا کہ،
"تعلیم حاصل کرو چاہے اس کے لیے چین ہی کیوں
نہ جانا پڑے۔"
تعلیم کی فائدے جتنے بھی بیان کیے جائیں کم ہیں، لیکن آج
کل کے بڑھتے ہوئے اخراجات میں اور نوکریوں کی کمی کی
وجہ سے یہ ایک مسئلہ بن چکی ہے۔ برطانیہ میں تعلیم سطح
ثانوی سکول (انیس سال کی عمر تک) مفت ہے اور اس کے
بعد یونیورسٹی انسان کو اپنی محنت سے پیسے دے کر جانا پڑتا ہے
ابھی حال ہی میں یونیورسٹی کی فیس کو تین ہزار سے

زیادہ کرکے لوبیزار کر دیا گیا ہے۔ اس سے طالب علموں
میں گھما گہمی مچ گئی تھی۔ اگر دیکھا جائے تو تعلیم کو اتنا مہنگا
کردینا ظاہری سی بات ہے طالب علموں میں ہلچل پیدا کرتی
ہے۔ جس کی وجہ سے کئی زیادہ قابل طالب علموں نے قرض
سے بچنے کے لیئے اپنے یونیورسٹی جانے کے خواب کو بھلا دیا
ہے۔ وہ قرض جیسی مصیبت سے بچنے کے لیئے اپنا برسوں
سے دیکھا خواب بھلا دینگے۔

میرے خیال میں تعلیم (یونیورسٹی کی تعلیم، خاص طور پر)
مفت ہونی چاہیئے کیونکہ اس تعلیم کے بعد انسان اچھی
نوکری کرنے کے قابل ہو جاتا ہے اور وہ معاشرے
میں ایک اچھے انسان ہونے کا کردار ادا کرتا ہے۔
تعلیم سے انسان معاشرے میں دوسرے برے کاموں سے بھی
بچا رہتا ہے اور وہ اچھے کاموں کی طرف مشغول ہو رہتا ہے۔

اس کے علاوہ میرے خیال میں اگر امیرو غریب دونوں
کو یونیورسٹی سے مفت مستفید ہونے کا موقع ملے تو ہمارا ملک
اور ہماری قوم اس سے کافی حد تک فائدہ پا سکتی ہے۔ اور
ممکن حد تک جرائم سے بھی چھٹکارا پایا جاسکتا ہے۔ کیونکہ
نوکری اور تعلیم کے نہ ہونے سے ایسی حرکات کو ختم کیا جاسکتا مفت یونیورسٹی سے

ہے ۔ جس سے معاشرہ مزید ترقی کر سکتا ہے۔

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

This answer is a good example of one where the candidate gives their own opinion throughout. It would have scored higher than 10-12 for Understanding and Response if opinions against free university education had also been offered.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Organise your discursive essay material into paragraphs with points for and points against together. Make sure you come down on one side of the argument in the conclusion.

## *Question 2 (g)*

This question required candidates to consider whether the younger generation has attained too much freedom or not. It proved to be a reasonably popular option and quite a large number of candidates gave very good responses and fulfilled the criteria of answering both parts of the question (description and their opinion). However there were some candidates who found it difficult to structure their arguments well and tended to mix up the two sides of the argument.

This candidate offers a well-planned response to the question in which they consider both sides of the argument and conclude with their final opinion.

سوال :-
"آج کل کے نوجوانوں کو بہت زیادہ آزادی مل گئی ہے"۔ آپ اس بات سے کس
حد تک اتفاق یا اختلاف کرتے ہیں۔ اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

جواب :- میرے مضمون کا نام ہے "آج کل کے نوجوانوں کو بہت زیادہ آزادی
مل گئی ہے"۔ مجھے اس بات سے اتفاق اور اختلاف بھی ہے۔ اتفاق اس
وجہ سے ہے کیونکہ جب میں اپنے ارد گرد نوجوانوں یعنی کہ اپنے دوستوں کو
دیکھتی ہوں تو ان کے ماں باپ نے انہیں حد سے زیادہ چھوٹ دے رکھی
ہوتی ہے اور ~~یہی وجہ ہے کہ~~ ماں باپ اپنے بچوں کے ساتھ ~~اتنا وقت نہیں~~
~~دے پاتے~~ کم وقت گزارتے ہیں۔

آج کل کے معاشرے میں جب میں نظر ڈالتی ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ
خدا دنیا بدل چکی ہے ~~کیونکہ~~ کیونکہ پچھلے زمانے میں نوجوان ویسی زیادہ تر
کیا کرتے تھے جو ان کے والدین کہتے تھے۔ ان کا حکم سر آنکھوں پر ہوتا تھا
آج کل والدین۔ میرا مطلب ہے کہ امیر معاشرے، امیر خاندان کے لوگ اپنے

بچوں کو زیادہ وقت نہیں دیتے اپنے کاموں میں مصروف رہتے ہیں انہیں
اور کس وقت کہاں کر رہے
اس بات کا اندازہ نہیں ہوتا کہ ان کے بچے کہاں اور کس کے ساتھ ہیں تک
وجہ ہے کہ آج کل نوجوان بگڑ رہے ہیں. اس کے علاوہ، نوجوانوں کے پاس
عیش و آرام کرنے کیلئے پیسے ہوتے ہیں جس سے وہ بری چیزیں اور
سیکھتے ہیں.
عادتیں اپنا لیتے ہیں سگریٹ نوشی اور منشیات لیتے ہیں.

حالانکہ میں اس بات سے اختلاف بھی کرتی ہوں کیونکہ ہر نوجوان کو اتنی آزادی
نہیں ملتی
میسر نہیں ہوتی. خاص کر کے ان پر جو بچے غریب علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں.
~~ان کے والدین اور ان بچوں پر~~ چھوٹے گھرانوں کے نوجوانوں پر ان کے خاندان ~~کے~~ کا
بھرپور بوجھ ہوتا ہے اور ان پر اتنی ذمہ داریاں ہوتی ہیں کہ انہیں آزادی تو
دور کی بات ہے اپنے آپ کیلئے وقت نہیں ملتا.

میرے خیال میں آج کل کے نوجوانوں کی سوچ آزاد ہے اور وہ آزادی میں جینا
چاہتے خاص کر کے وہ نوجوان جو لندن یا باہر کے ممالک میں رہتے ہیں وہ کہتے

→ Next page continues...

ہیں کہ انہیں پورا حق ہے کہ وہ اپنی زندگی اپنی مرضی سے گزاریں اور ~~خا~~ یہاں کی
حکومت کے قانون کی وجہ سے وہ اپنی مرضی سے جیتے ہیں اور انہیں کوئی
~~روکنے~~ روکنے والے نہیں ہے تو میرے خیال سے اس میں ~~حکومت~~ ماں باپ
کے ساتھ ساتھ حکومت کی بھی غلطی ہے کہ ان کی وجہ سے نوجوانوں کو اتنی چھوٹ

اور آزادی مل جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے وہ بگڑ جاتے ہیں کیونکہ انہیں بڑھاوا دال حکومت ہے۔

میرے خیال سے والدین کو اپنے بچوں کو اتنے پیسے یا چھوٹ نہیں دینی چاہیے کہ ایک دن انہیں اپنے بچوں کو اونچے لہجے میں ان سے بات کرتے سننا پڑے۔ ان کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں اور سمجھائیں اور غور کریں کہ وہ کہاں کس سے ملتے ہیں اور ٹی وی پر کیا دیکھتے ہیں۔ کیونکہ ٹی وی اور فلموں سے کچھ نوجوانوں کے ذہن میں برے خیال پیدا ہوتے ہیں۔

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

This is an example of a response which scores in the top 13-15 band for Understanding and Response. The arguments are not complex, but the candidate appreciates well how they link together.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

In discursive essays, the language of discussion and debate, and organised writing is key to scoring good marks.

## Question 3 (a)

This question was the second most popular on Section C. It required candidates to demonstrate their research about and understanding of the environmental problems of an Urdu-speaking geographical region or city and how these problems could be solved. The vast majority of candidates attempted this question without really reading  or understanding it carefully. As a result, there were a significant number of essays which showed no evidence of reading/research and understanding. Some candidates did not understand the word "environment" in Urdu and wrote detailed description about cities like Lahore and Karachi in terms of their educational and health problems. The majority of those who understood the question only wrote a very general essay on the environmental issues in Pakistan. A general essay cannot score many marks for the Reading, Research and Understanding criteria grid. Similarly environmental problems in Birmingham or London are irrelevant unless they relate to the Pakistani/Indian community living in that area. To score high marks on a research-based essay, candidates need to give clear evidence of in-depth reading and research, some events which took place in that particular area, some figures or statistics and all within a planned framework.

## Question 3 (b)

In this question candidates were required to write about an important political personality of the historical period they have studied and also to explain the reasons of his importance. The question was attempted by about a fifth of candidates but the vast majority did not respond well to the question set. They wrote pre-learned long essays on famous personalities such as Quaid-e-Azam, Allama Iqbal showing minimal or limited understanding and little evidence of reading and research. As a result, most candidates scored very low and in some cases scored no marks at all.

## Question 3 (c)

This was the least popular question in Section C. In this question candidates were required to describe important aspects of modern Urdu-speaking society and also to comment on their good or bad effects. This question was attempted by a very small number of candidates and most responses were either very poor or largely irrelevant.

## Question 3 (d)

This question was by far the most popular option for the research-based essay and more than half of the candidates attempted it. Candidates were asked to write about the main theme of their chosen book, film or play and an give opinion about the writer/director's success in achieving the task.

As expected most candidates chose "Mirat-ul-Uroos" and "Umrao Jan Ada" as the novel and 'Anarkali ' as the drama. When it came to the choice of films, some favourite films were as last year 'Baghban', Kabhi Khushi Kabhi Gham', 'Khuda kay Lieye',' Mera nam Khan Hai'. Many candidates opted for Star Plus and GEO/ARY drama serials.

Many excellent essays were produced which included lots of analysis and showed a very good understanding of the book, film or drama and in depth reading and research. Essays which failed to score highly tended to relate the plot and did not focus sufficiently on the question. Furthermore, many candidates seemed to have misread the question. For example,  simply reciting the whole story of the novel or film, and not answering the whole question about the main theme and how successfully the writer/director has managed to present this theme. As a result of this candidates were penalised for either not following

proper guidance or for lack of preparation.

سوال: اپنی چُنی ہوئی کتاب، ڈرامے یا فلم کے مرکزی خیال کے بارے میں لکھیے۔ آپ کے خیال میں مصنف/ہدایت کار نے اس خیال کو کتنی کامیابی سے پیش کیا ہے؟

~~یہ~~ راجہ گدھ ایک عالی اعلیٰ پائے کا معاشرتی اور وہ رومانوی ناول ہے۔ یہ بانو قدسیہ کا تحریر کردہ ہے۔ اس میں زندگی کے سلگتے ہوئے مسائل کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔ اس میں 'رزقِ حرام' اور 'عشق لاحاصل' کے تصور کو مصنف نے بڑے تکنیک کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس ناول میں مصنف نے انسان ~~کا~~ کو راجہ گدھ ~~کے~~ کے ساتھ موازنہ کیا ہے۔ راجہ گدھ ایک ایسا پرندہ ہے جو مردار کا گوشت کھاتا ہے اور اس کو دیوانے پن کے دورے پڑتے ہیں۔ یہ رزقِ حرام سے اپنا پیٹ بھرتا ہے۔ اسی طرح انسان بھی عشق لاحاصل کے پیچھے بھاگتا ہے جو اسے رزق ~~حرام~~ حرام کھانے پر مجبور کرتا ہے۔ یہ اس چیز کے پیچھے بھاگتا ہے جو اس کے لیے کبھی بنائی نہیں تھا اور اسی طرح ~~برے~~ برے راستے پر گامزن ہو جاتا ہے۔

اس نقطۂ نظر کو بیان کرنے کے لیے مصنف نے ~~جو~~ جن اہم کرداروں ~~کو بیان~~ کا انتخاب کیا ہے وہ ہیں سیمی شاہ، آفتاب بٹ اور قیوم۔ ~~ویسے~~ ویسے تو ناول میں کُل دس کردار ہوتے ہیں مگر 'رزق حرام' اور 'عشق لاحاصل' کا

تصور ان تینوں کرداروں کے بیچ جاندار سرکٹ کی طرح گھومتا ہے۔

ایم-اے سوشیالوجی کی کلاس میں ~~تیجے~~ تیسرے پیریڈ سے کہانی کا آغاز شروع ہوتا ہے۔

کلاس میں موجود لڑکیوں کے نام فرزانہ، طیبہ، انجیلا، کوثر اور سیمی شاہ ہوتے ہیں اور لڑکے ~~آہ~~ آفتاب، قیوم، امجد، جمال اور احمد ہوتے ہیں۔ یوں تو کلاس میں پندرہ لڑکے ہوتے ہیں مگر ~~دس~~ ان میں سے دس کئی ذاتی معاملات اور وجوہات کی بنا پر کورس چھوڑ دیتے ہیں۔ کلاس میں جب پروفیسر ~~سہیل~~ سہیل، فخر اور معاشرے کے باہمی ~~ک~~ ربط، کے بارے میں بحث شروع کرتے ہیں تو کچھ واقعات کے تحت اسی بحث و مباحثہ کی وجہ سے سیمی شاہ آفتاب کی دیوانی ہو جاتی ہے اور ان دونوں کی محبت کی کہانی شروع ہو جاتی ہے۔ آفتاب سیمی کی طرف دیکھتا ہے تو ان دونوں کی آنکھوں میں پہچان پیدا ہوتی ہے جو جلد

ہی اعتراف میں بدل جاتی ہے۔ کلاس کے اختتام پر وہ انجانی قوت کے تحت ساتھ ساتھ چلنے لگتے ہیں اور ایک ہی موٹر سائیکل پر بیٹھ کر نا جانے کہاں چلے جاتے ہیں۔ اسی لمحے قیوم کو بھی سیمی سے محبت ہو جاتی ہے اور وہ آفتاب سے حسد کرنے لگتا ہے۔ " اس کے بعد سیمی اور آفتاب سب کچھ مل کر کرنے لگتے ہیں۔ دیکھنے والوں کو ان کی یہ سچی محبت ان کی ~~آنکھیں~~ آنکھوں میں جھلکتی دکھائی دیتی ہے۔ آفتاب اسے اپنی ماں سے ملواتا ہے جو سیمی کو ناپسند کرتی ہے۔ اس کے بعد واقعات بہت تیزی سے بدل جاتے ہیں۔ آفتاب کی شادی اس کے کزن کے ساتھ ہو جاتی ہے اور سیمی

ذہنی انتشار طور پر پریشان ہو جاتی ہے۔ آفتاب کی سیمی کے ساتھ محبت تو سچی
ہوتی ہے مگر حالات کے پیشِ نظر کچھ کر نہیں پاتا۔ سیمی کی بھی آفتاب کے لیے محبت باوفا ہوتی ہے۔
یہاں پر قیوم منظرِ عام میں آجاتا ہے اس کا خیال تھا کہ آفتاب کی شادی کے بعد سیمی اس
سے محبت کرے گی مگر یہ نا ہوا۔ سیمی قیوم سے صرف آفتاب کی باتیں کرنے کے لیے آتی تھی
وہ کمزور ہوگئی تھی۔ اس کو بہت سی بیماریوں نے گھیر لیا اور پریشان کی مریض بھی
بن گئی۔ اسی دوران قیوم نے سیمی سے جسمانی فائدہ اٹھایا۔ یہ اس کا عشق لاحاصل تھا
وہ ایک ایسے کے پیچھے دوڑا جو کبھی اس کا تھا ہی نہیں۔ سیمی کو آفتاب کے بعد کوئی نظر نہ آیا

اور آخر میں آکر خودکشی کرلی۔ سیمی کے بعد قیوم کی زندگی میں عابدہ، امتل اور پھر
روشن آئی مگر ان سب کے ساتھ اس کا عشق لاحاصل تھا۔ وہ تنہا رہ گیا تھا۔ کہتے
ہیں جب گدھ کو موت آتی ہے تو وہ مردار کھانا ترک کر دیتا ہے اور ایک ٹانگ پر دیوانوں
کی طرح بھاگتا ہے اسی طرح قیوم نے گناہ کے راستے کو ترک کر دیا اور پرہیزگار بن گیا۔ اس
ناول میں دوسرا قصہ گدھ کا سنایا گیا ہے۔ جس میں واضح ہوتا ہے کہ گدھ نے رزق حرام
کھایا تو وہ دیوانہ ہوا۔ رزقِ حرام کا اثر پشت با پشت آتا ہے۔ اس کی مثال آفتاب کے
اَب نورمل اور دیوانے بیٹے سے لی جا سکتی ہے۔ آفتاب، سیمی اور قیوم تینوں عشق لاحاصل
کے پیچھے بھاگ رہے تھے جس کے نتیجے میں آفتاب کا بیٹا دیوانہ نکلا، سیمی نے خودکشی کرلی
اور قیوم تنہا رہ گیا۔
مصنفہ نے اس ناول میں دونوں نقطوں کو بہت کامیابی سے پیش کیا ہے۔ گویا عشق

لاحاصل شے کے پیچھے بھاگنے سے انسان رزق حرام کھانے لگتا ہے۔ بُرے راستے پر گامزن
ہوجاتا ہے اور نتیجے کے طور پر یا تو مرجاتا ہے یا تنہا رہ جاتا ہے یا اس کے ساتھ کچھ ایسا
ہوتا ہے جو اس کا جینا حرام کر دیتی ہے۔

**(Total for Question 3 = 45 marks)**

**ResultsPlus**

**Examiner Comments**

An excellent essay which included much relevant information about the theme of the novel and has a quality of appropriate introduction and conclusion. The language and development is excellent, although, it has exceeded the prescribed word limit.

**ResultsPlus**

**Examiner Tip**

Focus carefully on the question. Remember that you have a limited number of words. Do not try to exceed the prescribed word limit.

## Paper Summary

This year this unit produced some pleasing results. The translation was accessible to the majority of candidates who had been entered at the appropriate level.

All of the Creative and Discursive essays appealed to a number of candidates, with a great variety of answers spread across the various questions.

The Research Based essay brought some good analytical responses. Overall, the vast majority of candidates who have studied Urdu in schools were successful in demonstrating to the examiners how they are able to use the language effectively. The in-depth understanding of aspects of Urdu history, culture and society which so many candidates demonstrated well, shows that  that teachers are presenting candidates who have developed a real passion for Urdu.

To aid the candidates in the future it is worth noting that the following points should be demonstrated:

- Knowledge and understanding of the culture and society of the Urdu-speaking countries or communities
- An ability to organise and develop ideas
- The ability to write accurately and effectively in Urdu.

## Grade Boundaries

Grade boundaries for this, and all other papers, can be found on the website on this link:

http://www.edexcel.com/iwantto/Pages/grade-boundaries.aspx

Further copies of this publication are available from
Edexcel Publications, Adamsway, Mansfield, Notts, NG18 4FN

Telephone 01623 467467
Fax 01623 450481
Email publication.orders@edexcel.com
Order Code UA033198 June 2012

For more information on Edexcel qualifications, please visit
www.edexcel.com/quals

Pearson Education Limited. Registered company number 872828
with its registered office at Edinburgh Gate, Harlow, Essex CM20 2JE

Ofqual

Llywodraeth Cynulliad Cymru
Welsh Assembly Government

Rewarding Learning